© rasailojaraid.com

نمبر ۴ — جلد ۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

رسالہ

# مسلمان

امرتسر بابت ماہ اگست سنہ ۱۹۰۹ء

## اسلامی خبریں

**قبول اسلام** ایک ہندو برہمن نے مسجد ٹمک اسٹریٹ نمبر ۲۰ کلکتہ میں برغبت خود داخل اسلام ہونا قبول کیا۔ اسلامی نام عبدالرحمن رکھا گیا۔

نیز مولوی سید فتح علی شاہ صاحب چھاونی سیالکوٹ کے ہاتھ پر ایک ہندو قوم اہیر نے مع اپنی بیوی بچہ اور لڑکی کے اور دو اور ہندو عورتوں نے برضا و رغبت اسلام قبول کیا۔ اسلامی نام محمد رمضان۔ مریم۔ سکینہ عبدالشکور۔ سکینہ اور فاطمہ رکھے گئے۔

شریف مکہ کی جانب سے ہندوستان کے اخبارات کو اطلاع دیگئی ہے کہ جو شخص ہندوستان سے حج کے واسطے جائے وہ کسی مطوف یا زمزمی وغیرہ کو ایک پیسہ جرمانہ دے (حکومت کیطرف سے کوئی رقم اُن لوگوں کے واسطے معین و مقرر نہیں ہے جو لوگ حکومت کے نام سے حاجی سے کچھ لینا چاہیں تو ہرگز نہ دیا جائے) اگر کوئی شخص جبر لے تو حاکم کو استغاثہ کرنا چاہیے۔

باب عالی (وزراء روم) نے یونان کو لکھا ہے کہ اپنے چند رسہ اور ملٹیا افسروں کو کریٹ سے واپس طلب کرے۔ یونان نے جواب دیا یہ معاملہ محافظ دول کے اختیار میں جنکی رضامندی سے افسر روانہ کیے گئے

# فہرست کتب وغیرہ

### اخبار اہلحدیث

یہ اخبار دین و دنیا کا مجموعہ ہے اسمیں مذہبی اور اخلاقی مضامین فتوے۔ اور مخالفین کے اعتراضات کے جوابات اور ایک دو صفحوں پر دنیا بھر کی چیدہ چیدہ خبریں درج ہوتی ہیں۔ قیمت سالانہ عہ ۱۲/

منیجر اہلحدیث امرتسر

### مرقع قادیانی

مرزا قادیانی کے بہت سے مضامین کی تردیدوں کا مجموعہ۔ قیمت مع محصول عصہ/

### مرقع دیانندی

اس رسالہ میں سوامی دیانند جی کا کچا چٹھا دکھایا گیا ہے۔ بڑا لطیف اور قابل دید رسالہ ہے قیمت صرف ۳/

### تقابل ثلاثہ

توریت انجیل اور قرآن کا مقابلہ صفحہ کے تین کالموں میں تینوں کتابوں کی اصل عبارتیں منقول ہیں نیچے حواشی میں فرق بتلا کر قرآن مجید کی فضیلت ثابت کیگئی ہے عیسائیوں کی بحث کا انفصالی فیصلہ ہے۔ قیمت مع محصول ڈاک عصہ/

### حق پرکاش

آریوں کے گرو دیانند جی نے ستیارتھ پرکاش میں قرآن شریف پر شروع سے اخیر تک جو اعتراض کئے ہیں انکا مفصل اور مکمل جواب جس سے تعلق رکھتا ہے۔ قیمت ۸/

### ترکِ اسلام

مہاشہ دھرمپال نو آریہ سابق عبدالغفور کے رسالہ ترکِ اسلام کا معقول اور مفصل جواب۔ شروع میں نبوت محمدیہ کا ثبوت اور اخیر میں قرآن مجید کے الہامی ہونے کے دلائل قیمت ۶/

### الہامی کتاب

وید اور قرآن کے الہام پر مسلمان اور آریہ عالموں کی مفصل بحث کیا ہے تمام مباحث کا فیصلہ ہے۔ قرآن مجید کے الہامی ہونیکا پورا اور کامل ثبوت ہے۔ قیمت ۶/

© rasailojaraid.com